# سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ 1991

# SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1991

# سندھ انکوائریز اور اینٹی کرپشن آرڈیننس، 1991

# THE SINDH ENQUIRIES AND ANTI-CORRUPTION ORDIANCE, 1991

## فہرست (CONTENTS)


تمہید(Preamble)

دفعات

1. مختصر عنوان اور شروعات۔

Short Title and commencement

2. تعریف۔

Definitions

3. اسٹیبلشمینٹ کی تشکیل اور اختیارات۔

Constitution and powers of Establishment.

4. اسٹیبلشمینٹ کے ارکان کے اختیارات۔

Powers of members of the Establishment

5. ڈائریکٹر (انکوائریز) کے اختیارات اور کام۔

Powers and functions of Director (Enquires)

6. نگرانی اور عام ضابطہ۔

Superintendence and General Control

7. قانونی کاروائیوں پر پابندی۔

Bar to legal proceedings

8. گنجائش کسی دوسرے قانون سے ماخوذ نہیں ہیں

Provisions not in derogation of any other Law.

9. قواعد بنانے کا اختیار

Power to make Rules

10. منسوخی

Repeal

# سندھ آرڈیننس نمبر VIII مجریہ 1991

# SINDH ORDINANCE NO.VIII OF 1991

# سندھ انکوائریز اور اینٹی کرپشن آرڈیننس، 1991

# THE SINDH ENQUIRIES AND ANTI-CORRUPTION ORDIANCE, 1991

[25 جولائی 1991]

ایک آرڈیننس جس کے ذریعے سرکاری ملازمین کی بدعنوانی سے متعلق بعض جرائم کی تحقیقات کی جاسکے، یا ان کے غلط رویئے کی انکوائری اور سندھ میں ایسے ملازمین خلاف ابتدائی انکوائریوں کے لیئے ایک خصوصی ایجنسی بنائی جائے گی۔

تمہید (Preamble)

جیسا کہ ایک خصوصی ایجنسی بنائی ہے تاکہ بدعنوانی سے متعلق جرائم کی جانچ پڑتال کی جاسکے ، یاسرکاری ملازمین کے غلط رویئے کی انکوائری کی جاسکے اور سندھ میں ایسے ملازمین کے خلاف ابتدائی انکوائریز کرنا ضروری ہوگیا ہے،

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی کا اجلاس نہیں چل رہا ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم لینا ضروری ہوگیا ہے،

اب اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان 1973 کے آئین کے آرٹیکل 128 کی شق (1) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل

آرڈیننس بناکر نافذ فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات۔

Short Title and commencement

1.(1) اس آرڈیننس کو سندھ انکوائریز اور اینٹی کرپشن آرڈیننس، 1991 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ العمل ہوگا۔

تعریف

Definitions

2. اس آرڈیننس میں، جب تک کچھ مضمون اور مفہوم کے برعکس نہ ہو تب تک :

(i) ''اسٹیبلشمینٹ'' سے مراد دفعہ 3 کے تحت بنائی گئی انکوائریز اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمینٹ

(ii) ''ڈائریکٹر'' سے مراد دفعہ 3 کے تحت مقرر کردہ چیئرمین،

(iii) ''ڈائریکٹر'' سے مراد دفعہ 3 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹر،

(iv) ''گورنمنٹ'' سے مراد حکومت:

(v) ''بدعنوانی'' سے مراد کرپشن، من پسندیت، بدانتظامی، دانستہ غلط استعمال کرنا یا دانستہ عوامی پیسہ غلط جگہ پہنچانا، ملکیت کا غلط استعمال یا اختیارات اور پوزیشن کا غلط استعمال،

(vi) ''سرکاری ملازم'' سے مراد پاکستان پینل کوڈ کی دفعہ 21 کے مطابق بیان کردہ سرکاری ملازم یا وقتی طور لاگو کسی دوسرے قانون کے مطابق اعلان شدہ سرکاری ملازم،

(vii) ''قواعد'' سے مراد اس آرڈیننس کے تحت بنائے گئے قواعد

(viii) ''شیڈول'' سے مراد اس آرڈیننس کے ساتھ منسلک شیڈول

استیبلشمینٹ کی تشکیل اور اختیارات۔
Constitution and powers of Establishment.

(1).3 جب تک کچھ کسی وقتی طور عائد قانون کے متضاد نہ ہو، حکومت ایک اسٹیبلشمینٹ بناسکتی ہے، جس کو انکوائریز اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمینٹ کہا جائے گا، جو شیڈول میں بیان کردہ اور سرکاری ملازم کی بدعنوانی سے متعلق جرائم کی جانچ پڑتال یا انکوائری کرے گی اور سرکاری ملازمین کے خلاف انتظامی کاروائی کرنے کے لیئے انکوائری کرے گی تاکہ یہ طے ہوسکے کہ ایسے جرائم یا کیسز کی جانچ پڑتال یا ان کے جرائم یا کیسز خلاف محکمے کی طرف سے انکوائری ہونی چاہیے۔

(2) اسٹیبلشمینٹ چیئرمین اور ڈائریکٹرز، عملداروں یا ارکان کی ایسی تعداد پر مشتمل ہوگی، جیسا حکومت طے کرے۔

(3) چیئرمین اور ڈائریکٹرز حکومت کی طرف سے مقرر کیئے جائیں گے اور ڈائریکٹرز میں سے ایک کو اینٹی کرپشن کا ڈائریکٹر مقرر کیا جائے گا۔

(4) اسٹیبلشمینٹ کے چیئرمین، ڈائریکٹرز، عملداروں اور ارکان کی ملازمت کے شرائط اور ضوابط حکومت کی طرف سے طے کیئے جائیں گے۔

اسٹیبلشمنٹ کے ارکان کے اختیارات۔
Powers of members of the Establishment

(1).4 کچھ احکام یا قواعد کے مطابق جو حکومت بنائے، اینٹی کرپشن کا ڈائریکٹر اور اس کے ماتحت کام کرنے والے اسٹیبلشمنٹ کے عملدار اور ارکان، شیڈول میں بیان کردہ جرائم کے سلسلے میں محکمہ وار انکوئری یا جانچ پڑتال کے مقصد کے لیئے ان کی صوبے میں تلاشی، لوگوں کی گرفتاری اور جائیداد ضبط کرنے کے اور دوسرے سارے اختیارات، ذمہ داریاں مراعات اور وسائل حاصل ہوں گے، جو ایک پولیس آفیسر کو ہوتے ہیں یا کوڈ آف کرمنل پروسیجر 1898 کے تحت جرائم کی جانچ پڑتال کے سلسلے میں اختیارات حاصل ہونگے۔

(2) اس سلسلے میں حکومت کے احکامات کے تحت، ایسا عملدار یا میمبر یا سب

انسپکٹر سے زائد رینک والا، شیڈول میں بیان کردہ جرائم کے سلسلے میں پولیس اسٹیشن کے آفیسر انچارج کے کوئی بھی اختیارات استعمال کرسکتا ہے، جس علائقے میں اس کی مقرری ہو، اور جب وہ ایسے اختیارات استعمال کررہا ہو، اس کو پولیس اسٹیشن کے آفیس انچارج سمجھا جائے گا، جو اپنے اسٹیشن کی حدود کے اندر ایسے عملدار کے کام سرانجام دے رہا ہو۔

ڈائریکٹر (انکوائیریز) کے اختیارات اور کام۔
Powers and functions of Director (Enquires)

5.(1) ڈائریکٹرز (انکوائریز) اور اسٹیبلشمنٹ کے دوسرے ارکان ایسے کام سرانجام دیں گے یا ایسے کاموں کی نگرانی کریں گی، جو چیئرمین ان کو سونپے۔

(2) ایسے کیسز کی انکوائری قواعد کے تحت دیئے گئے اختیارات کے سلسلے میں کی جائے گی۔

نگرانی اور عام ضابطہ۔
Superintendence and General Control

6.(1) ایسے احکامات کے سلسلے میں جو حکومت جاری کرے، اسٹیبلشمنٹ کی نگرانی اور تمام ضابطہ چیئرمین کے پاس ہو گا۔

(2) چیئرمین کے عام ضوابط اور ہدایات کے تحت، وقتی طور پر نافذ کسی قانون سے ٹکراؤ میں نہ ہو اینٹی کرپشن کا ڈائریکٹر، عملداروں اور پولیس فورس سے متعلقہ لوگوں اور اسٹیبلشمینٹ میں کام کرنے والوں کے سلسلے میں، ایسے سارے اختیارات استعمال کرے گا جو انسپکٹر جنرل آف پولیس صوبہ میں پولیس فورس کے سلسلے میں استعمال کرتا ہے۔

قانونی کاروائیوں پر پابندی۔
Bar to legal proceedings

7. اس ایکٹ کے تحت اچھی نیت سے کیئے گئے کسی کام یا کچھ کرنے کے ارادے پر کوئی مقدمہ یا کوئی قانونی کاروائی حکومت یا چیئرمین یا ڈائریکٹر یا کسی دوسرے عملدار یا رکن کے خلاف نہیں ہو گی۔

| | |
|---|---|
| گنجائش کسی دوسرے قانون سے ماخوذ نہیں ہیں<br>Provisions not in derogation of any other Law | 8. اس ایکٹ کی گنجائش اضافی ہیں اور وقتی طور پر نافذ کسی دوسرے قانون کے متضاد نہیں ہیں۔ |
| قواعد بنانے کا اختیار<br>Power to make Rules | 9.(1) حکومت اس ایکٹ کے مقاصد حاصل کرنے کے لیئے قواعد بنا سکتی ہے۔<br>(2) خاص طور پر اور مندرجہ بالا اختیارات کی عام حیثیت سے تضاد کے علاوہ ایسے قواعد فراہم کیے جاتے ہیں۔<br>(i) انکوائری کے مقصد کے لیئے کسی فرد کو سمن جاری کرنے اختیارات اور حاضری کے لیئے زور ڈالنے کے اختیارات، دستاویزات کی طبّی اور قسم ناموں پر گواہی حاصل کرنا،<br>(ii) اسٹیبلشمینٹ کی آرگنائزیشن کے لیئے،<br>(iii) اتھارٹیز بیان کرنا جن کی اجازت سے کسی کیس یا کیسز کی کلاس کی انکوائری یا جانچ پڑتال کرائی جاسکے گی یا کسی فرد کو گرفتار کیا جاسکے گا۔ |
| منسوخی<br>Repeal | 10. سندھ اینٹی کرپشن اسٹیبلشمینٹ آرڈیننس اور سندھ انکوائریز اور اینٹی کرپشن آرڈیننس، 1961 کو منسوخ کیا جاتا ہے۔ |

## شیڈول

(ملاحظ دفعہ 3)

(a) پاکستان پینل کوڈ کی دفعات 161 سے 169، 217 اور 2018 کے تحت قابل سزا جرم اور اس سے منسلک اور متعلقہ کوشش کرنا، اکسانا یا سازش

کرنا؛

(b) پاکستان پینل آف کوڈ کی دفعات 182، 186، 188، 189، 201، 211، 332، 323، 379 سے 382، 403 سے 409، 411، 417 سے 420، 465 سے 471 اور A-477 کے تحت قابل سزا جرم اور منسلک اور متعلقہ کوشش کرنا، اکسانا یا سازش کی جائے؛ اور

(c) کرپشن سے روک تھام ایکٹ، 1947 کے تحت قابل سزا جرم اور اس سے منسلک اور متعلقہ کوشش کرنا، اکسانا یا سازش کرنا؛

**نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لئے ہے، جسے کورٹ میں استعمال نہیں کیا جاسکتا۔**